# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**

**Dated : 01 September 2026**

**Time : 09:25 AM**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

نریندر مودی

وزیراعظم نریندر مودی آج کرغستان کی راجدھانی بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے 26ویں سربراہ اجلاس سے خطاب کریں گے۔ یہ اجلاس SCO کی 25ویں سالگرہ کے سلسلے میں منعقد کیا جارہا ہے۔

بھارت 2017 سے ایس سی او کا مستقل ممبر ہے۔ وزیراعظم اپنے خطاب میں سیکورٹی اور رابطہ کاری میں بھارت کی ترجیحات کا خلاصہ کریں گے۔

اس سے پہلے وزیراعظم نے کل بشکیک میں ایران کے صدر مسعود پزشکیاں کے علاوہ دیگر کئی ممالک کے سربراہوں کے ساتھ دوطرفہ ملاقات کی۔

ایل جی ملاقات

بھدرواہ کے درودھو کے سابق سرپنچ اشوک کمار شرما کی سربراہی میں ایک عوامی وفد نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

وفد میں بی جے پی کے ڈوڈہ ضلع کے جنرل سیکریٹری سنجے صراف، جی اینڈ کے انٹر ڈسٹرکٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر کلدیپ شرما اور ایس ٹی ایسوسی ایشن کے چیئرمین پروین کمار بھی شامل تھے۔ وفد نے بھدرواہ کی ترقیاتی ضروریات ایل جی کی دانست میں لائیں۔

ایل جی وفد

انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس کے زمرے میں حال ہی میں شامل کئے گئے سینئر افسروں کے ایک وفد نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے مرکزی سرکار کے تئیں اپنے تشکر کا اظہار کیا۔لیفٹیننٹ گورنر نے ان افسروں کو مبارکباد دیتے ہوئے انہیں اپنی نیک خواہشات دیں۔

دریں اثنا پولو ویو ٹریڈرس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے مسائل اُن کی نوٹس میں لائے۔

اِدھر شری کیلاش جوتش اینڈ ویدھک سنستھان ٹرسٹ کے صدر مہنت روہت شاستری نے بھی سرینگر میں منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے جموں وکشمیر میں مذہبی سیاحت کو فروغ دینے سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔

سی ایم ملاقات

سرینگر میں کل کئی وفود اور شخصیات نے رابطہ دفتر میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔ انٹیگریٹڈ ماؤنٹین انیشیٹیو کے صدر ڈاکٹر رمیش نیگی، لیڈ سٹریٹجسٹ ڈاکٹر راجن کمار کوترو اور اسکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی پر مشتمل ایک وفد نے وزیراعلیٰ کے ساتھ ملاقات کر کے جموں وکشمیر میں پہاڑوں کو تحفظ فراہم کرنے کے کئی پہلوؤں پر وزیراعلیٰ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔آئی آئی ٹی جموں میں کوگنیٹیو سائنس کے ایسوسیئیٹ پروفیسر امیتاش اوجھا نے بھی وزیراعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی۔اس کے علاوہ جے اینڈ کے فینسر وشال تھاپر بھی وزیراعلیٰ سے ملے۔وشال تھاپر کو 19 ستمبر سے جاپان میں منعقد ہونے والی 20 ویں ایشین گیمز کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں صوبے میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے منظم اور قابل عمل نقشِ راہ ترتیب دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کے سیاحتی منظرنامے کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے بھدرواہ، سناسر، ہفت جھیل اور دیگر سیاحتی مقامات میں دستیاب سہولیات میں مزید بہتری لانے کی ہدایت دی۔

اسکاسٹ

سکاسٹ کشمیر، کرشی وگیان کیندر اننت ناگ اور بینگلورو کے سینٹر فارسٹیڈی آف سائنس، ٹیکنالوجی اینڈ پالیسی کے مشترکہ اہتمام سے اننت ناگ میں کل کسانوں کیلئے صلاحیت سازی کا ایک پروگرام منعقد ہوا۔

پروگرام کے دوران کسانوں کو زرعی سرگرمیوں اور شمسی توانائی کو مربوط کرنے کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی۔ ماہرین نے کہا کہ کاشتکاری کے عمل میں شمسی توانائی کے استعمال میں مستقبل میں ماحولیات کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

ڈی سی سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل رعناواری میں واقع انسٹی چیوٹ آف مینٹل ہیلتھ اینڈ نیوروسائنسز کا دورہ کرکے وہاں منشیات کے استعمال میں مبتلا افراد کیلئے بازآبادکاری کے جامع پروگرام کو شروع کرنے کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔ یہ پروگرام سماجی بہبود محکمے کے سرگرم اشتراک سے عملایا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس سلسلے میں مختلف محکموں اور اداروں کے درمیان قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

ڈی سی کولگام

کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی اور ضلع مشاورتی کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران مالی سال **2026.27** کی پہلی سہ ماہی کے دوران بینکوں اور دیگر مالی اداروں کے ذریعے عملائی جارہی مختلف سرکاری اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ضلع کے لیڈ ڈسٹرکٹ منیجر نے جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ اس مدت کے دوران ضلع میں مختلف بینکوں نے کُل **58** ارب **20** کروڑ **77** لاکھ روپے کا لین دین درج کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اسکیموں کی مؤثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ کپواڑہ ضلع کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی صدارت میں منعقد ہوئی، اسی طرح کی ایک میٹنگ میں بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام ''شہر شہر منظر'' کیلئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج بھی صبح ساڑھے دس بجے سے دوپہر بارہ بجے تک ہو رہی ہے۔خواہشمند افراد فون نمبر **0194-2452019** پر کال کر سکتے ہیں۔

داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمہ کی ایک اطلاع کے مطابق انڈر گریجویٹ کورسز میں آن لائن داخلے کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو رہا ہے۔طالب علم **jkadmissions.in** پورٹل پر داخلہ فارم بھر سکتے ہیں۔

اس مرحلے کے تحت مختلف کالجوں میں داخلہ حاصل کرنے کی آخری تاریخ **10** ستمبر **2026** مقرر کی گئی ہے جس کے بعد کوئی ایڈمشن نہیں کیا جائے گا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **20** اعشاریہ **9** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25** اعشاریہ **2** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ